بگڑی ہوا کی رفتار سے ٹھہر جاوں گا
خود کو ڈوبو کر پھر کیا حاصل گوہر
لہروں پہ بہتے تنکوں پر ٹھہر جاوں گا
حافظ


بڑی مشکل سے ملا تھا اپنی ذات کا پتا
جانے کہاں سے آ گئی راستے میں رات
حافظ

غلام پیدا ہوتے ہیں دور غلامی میں
لشکر کشوں میں نظر آتے ہیں حکمراں

تیری کن کا کمال دیکھا ہے کائنات نے
انسان کی پیدائش ہے خدا کی کرامت
حافظ

بھیک میں مانگی ہوئی محبت جذبوں کا قتل ہے
آدمی کے شایاں نہیں ہے یہ بے توقیری
حافظ

روز ٹوٹ جاتا ہے دل شیشوں کی طرح
اے لوگو ان لفظوں میں پتھر ہیں تمھارے




بادلوں پہ چل رہا ہے میرا تخیل
میں زمیں پہ سوچتا ہوں کیسے کیسے
حافظ

حافظ

معیشت کے زنداں میں قید ہیں عوام
ڈھونڈتے ہیں اپنے رہبر روٹی کے پیچھے

ہم نے دیکھا تھا پھولوں کو راستے میں پڑے ہوئے
کہ روند ڈالیں انہیں قدموں تلے ہم نے گوارہ نہ کیا

حافظ


روشنی کی تلاش میں
خود کو جلانا ہو گا
اپنے تشخص کے لیے
خود کو مٹانا ہو گا
ہو گیا تقسیم سارا وجود
گرے ٹکڑوں کو اٹھانا ہو گا
قسم کھائی تھی پہلے زمانے
جو کھویا ہے اسے پانا ہو گا
حافظ


ہوتا ہے یوں گزر شہر کے لوگوں کا
کوئی اپنا لہو کوئی کفن بیچ دیتا ہے
بندوں کے ایام ہوئے ہیں ترتیب ایسے
آدمی اپنی سوچ اپنی لگن بیچ دیتا ہے
حافظ


کس مٹی میں ملا ہے امید کا پودا
ہر موسم میں ہرا رہتا ہے
حافظ

حافظ

معیشت کے زنداں میں قید ہیں عوام
ڈھونڈتے ہیں اپنے رہبر روٹی کے لیے

حافظ
دل کی سرد مہری دشمن ہے جذبات کی
مردہ دلی ہے انسانیت کی قاتل

پتھر پہ نشاں ہو سکتا ہے پانی کا

مشکل ہے بدلنا بدلے ہوئے دل کا

حافظ


محبوریوں کا نام ہے زندگی
موت پروانہ آزادی ہے
جسے ہنس کے ٹال دیا زمانے نے
اسی میں لوگوں کی بربادی ہے
حافظ

پرواز مرا عروج ہے
میں بلبلے جہان ہوں
مرا آشیاں ہے بلند و بالا
اپنی زمیں و آسمان ہوں
حافظ

روداد زندگی سنانا باقی ہے

یاد ماضی بھلانا باقی ہے

آئینے نے دکھایا کیا کیا

لوگوں کو حقیقت دکھانا باقی ہے

ٹھہر جاو زرا اے دوستو

ترک تعلق کی وجہ بتانا باقی ہے

اپنے کئے پہ یہاں کوئی شرمسار تو ہو

خدا کے آگے ابھی گڑگڑانا باقی ہے

یہ جو چار دن کی زندگی لگتی ہے

گویا کہ اک زمانہ باقی ہے

حافظ



کسی راستے کی تلاش میں چلتے چلتے

ہم نے قدموں کے نشاں چھوڑ دیئے

دور نظر نہ آئی منزل کی روشنی جب

ہم نے پھر سب گماں چھوڑ دیئے

حافظ

طور سینا کے دامن پہ کھڑے ہو کر بادلوں کو سلام کر
لبوں کو دے جنبش تو آدمی ہے خدا سے کلام کر

حافظ


حافظ
ہوا میں تیزی مجھے لے اڑی ہے
میں اڑتا ہوا کاغذ ہوں اپنی کتاب کا


یہاں ہر آدمی ہے اللہ کا پیارا
ہر کوئی سمجھتا ہے خود کو مظلوم
حافظ

حافظ

آدمی تخلیق میں چھپے ہیں کائنات کے راز
ابن آدم کی صورت میں ہے خدا کی جلوہ گری


ہے بندہ وہی جسے خدا کا عرفان ہے
ورنہ عالم و جاہل میں تفریق ہے مشکل
حافظ

جس کی نسبت سے ہوئے زمانے میں محترم

ہو گا پھر انجام کیا رشتہ توڑنے والوں کا

حافظ

آدمی کا جہاں میں ٹھکانہ کوئی نہیں
دو گھڑی سے زیادہ زمانہ کوئی نہیں
یوں تو گزارے ہیں مشکل ادوار
خاک سے خاک تک فسانہ کوئی نہیں

حافظ

حافظ
انقلاب کی منتظر ہے فضا
کتنا صبر ہے تم میں لوگو

چیزیں استعمال کے لیے ہوتی ہیں پیار کرنے کے لیے نہیں
انسان پیار کرنے کے لیے ہوتے ہیں استعمال کے لیے نہیں

حافظ


کسی حادثے کا شکار لوگ
گویا پتلے ہیں بیزار لوگ
ہر بار جنھیں زندگی نے ہرا دیا
جینے کو ہیں وہ تیار لوگ
Irfan Ali Hafiz
@hafizrites

خانہ خدا میں خدا بستا ہے

جو دلوں میں ہے وہ کون ہے

یہ زمیں ہے اسکا جلوہ نما

جو بادلوں میں ہے وہ کون ہے

حافظ

گزار دی زندگی تخیل کے سفر میں

یوں دل کی دنیا آباد رہی میری

حافظ

جو آنکھوں نے دیکھا مری تصور میں نہیں تھا

حافظ



سفید کاغذ پہ تحریر اچھی لگتی ہے
سچے خوابوں کی تعبیر اچھی لگتی ہے

یوں تو غلامی کسی کی اچھی نہیں ہوتی
محبوب ڈالے تو زنجیر اچھی لگتی ہے

یہ ہاتھ خالی ہیں مگر اسکا نام کندہ ہے
مجھے اپنے ہاتھوں کی لکیر اچھی لگتی ہے

حافظ


اپنے ان پیاسے لبوں کو تر رکھنے کے واسطے
بادلوں کو قطرہ پانی میں بند کرنا ہوگا
حافظ



حافظ

ہیں لسبریز جن میں زندگی و موت کے اسباق
ایک کتاب عشق ہے ایک کتاب حیات

پانی ہوں اگر ، اتر کیوں نہیں جاتا
مٹی ہوں اگر، بکھر کیوں نہیں جاتا

ڈر ڈر کے جیتا ہوں کس کے لیے
بزدل ہوں اگر، مر کیوں نہیں جاتا

کمی کیسی ہے مری تخلیق میں آخر
ہوں کامل اگر، سنورتا کیوں نہیں جاتا

نہیں ٹھکانہ اس جہاں میں میرا کوئی
نہیں مسافر میں تو گھر کیوں نہیں جاتا

رکا ہوا ہے عرفان کیوں لب بام تُو
یہاں ہے پردہ تُو اُدھر کیوں نہیں جاتا

میں گھومتا ہوں تصورات میں
میں جھومتا ہوں خیالات میں
کبھی بالا کبھی زیریں یہ تخیل کا سمندر ہے
میں ڈوبتا ہوں احساسات میں

حافظ

ہم گواہ بیٹھے ہیں اپنا سکون
دل کو سو جھتی ہیں شرارتیں
حافظ

اڑا لے جاتی ہے ہوا مری روح کو
پنکھ ہوں میں اک آوارہ سا

حافظ

حافظ

محو تماشہ ہوں آئینے کے سامنے
چہرا تکتی ہیں آنکھیں دلچسپی سے

حافظ
وقت کا جوہری لے گیا چن چن کر
مٹی میں چھپ گئے باکمال لوگ

اسے معلوم تھا میں گھر چھوڑ آیا ہوں
اس نے جی بھر کے سزا دی مجھے
حافظ


اسے کھونے کا غم تو قلیل تھا
اسکی جگہ آکر بہت روئے ہم
حافظ


جو آنکھ کو خوبصورت لگا ہے
سفید بادل کا ٹکڑا اڑا جا رہا ہے
آرزو ہوئی چھو کر دیکھوں اسے
وہ ہوا میں بکھرا جا رہا ہے
حافظ


ہم نے روشنی کی قدر تب جانی
جب رات کی تاریکی چھا گئی تھی
دن میں نظر آتے ہیں چمکتے چراغ
تاریخ اپنی داستاں سنا گئی تھی
حافظ

حافظ

کھو گئے سارے اس شہر کے نگینے

کوئی مٹی میں ملا کوئی خاک ہو گیا

موسم کی بغاوت بتا رہی ہے
آدمی کا تغیر ہے زوال میں
حافظ


زاھد کہتا ہے مانگ معافی گناہوں کی
دل کی آرزو ہے کہ کچھ دیر بعد
حافظ

یہی تو کمال ہے نگاہ انسانی کا
ناممکن کو جس کی تاب نہیں ہے
حافظ

حافظ



کتنے پھول مسلے جاتے ہیں پیروں تلے
جا کے دیکھو ذرا تم گلستاں میں
سرخ پھولوں کا مقدر تو ہے ٹوٹنا
اظہار محبت میں کبھی قبرستاں میں



حافظ

انسان کی آخری چوکھٹ جہاں گر کر
پیروں پہ کھڑے ہوتے ہیں
لوگ

میں خود سے ہی حیراں ہوں

فسانہ جہاں سے پریشاں ہوں

کب کیوں کیسے کے مدار میں ہوں

جستجوئے ذات میں گرداں ہوں

حافظ


ظاہر و باطن دل کے پنہاں کونوں میں
عرش سے فرش تک قلب کے خانوں میں
تری جلوہ گری دیکھی تری ذات کا جلال نظر آیا
تری تجلیاں بکھری ہوئیں ہیں مری شام و سحر دونوں میں
حافظ

اسکی تلاش سے پہلے اپنی تلاش کر لینا

اس شوق وصال سے پہلے تم خود ہی مر لینا

حافظ



اس مفلسی کی کہانی بڑی تھی دردناک
زباں بند تھی چہرے پہ تھے ابواب

حافظ



حافظ کیوں نہ زور عشق سے کیا کچھ حاصل
اتنی شدت سے تو عرش بھی لرزا جاتا
حافظ


حافظ
بھنور میں ڈوب جاتی ہیں کشتیاں
ڈوبتے ہیں پانی میں غوطہ زن


حافظ
اس کے بندے رہیں اسی قریب
خدا کی تجلیات ملتی ہیں نماز میں



قطعہ یقیں سے قدم رکھ لینے دے
اس زمیں سے قدم رکھ لینے دے
اسی محور میں ہوں یہ مرا جہان ہے
اس مکاں اپنے مکیں سے قدم رکھ لینے دے

حافظ

بہت دیر سے ہو گا چمن میں دیدہ ور پیدا
بلبل گلستاں لئے گی ابھی شاخ در شاخ


زندہ ہیں کتاب حق کی تحریریں
جن سے ٹوٹتی ہیں غلامی کی زنجیریں
امت کی بقا اسلاف کی پیروی ہے
نہ دولت نہ شہرت اور نہ جاگیریں
حافظ

واعظ تری نصیحت رائیگاں ہو گئی ہے

تو بھی پریشاں ہے میں بھی پریشان ہوں

حافظ




اپنی منزل کے لیے راہی رواں ہو گئے
جلا کر خس و خاشاک دل دھواں ہو گئے
افق پہ چمکتے تھے کبھی جو ستارے
کالی رات کی سیاہی میں بے نشاں ہو گئے
حافظ



درد کی ٹیسوں سے قلب ہے زندہ و جاوید
اس شمع کی حرارت مری زندگی ہے

حافظ

وہ قطرہ جس میں طوفاں تھا
تو نے اپنی آنکھوں سے گرا ڈالا
حافظ


بندوں کی دردمندی
لوگوں سے بھائی بندی
لپٹی ہیں نیکیاں انسانوں سے
انسانیت میں ہے سربلندی
حافظ

آنکھ تو حقیقت کے دائرے میں ہے محدود
دل کی پہنچ جاتی ہے عرش معلی سے اوپر
حافظ

دل کے معاملات ہیں لال لال

دل کا انجام ہے پانی پانی

محبتوں کے راز ہیں افشاں

جذبوں کی آگ ہے فقط جوانی

حافظ


آسماں ہو گئے لال رنگ
آتش فشاں ہو گئے لال رنگ
ٹوٹے ہوئے دل ہیں لامحدود
یہ انساں ہو گئے ہیں لال رنگ
حافظ


پانی میں گھل گئی خاک بدن
آدمی کو کھا گئی سمندر کی جھاگ
حافظ
Stathis Vamvakos photography

کھلے عام آوارگی کا عالم
ہم نے دیکھا بے چارگی کا عالم
تم نے دیکھا موسم کا یکبارگی بدلنا
ہم نے دیکھا درندگی کا عالم
حافظ

حافظ



آئینے سے بہت ناراض کیوں ہو

تصویر نہیں یہ ترا چہرہ ہے

چلو دل سے معاملہ کر لیتے ہیں

دیکھو تاریکی ہے وہاں کہ سویرا ہے

Luca Pierro stocksy.com/771175

امت کی میراث ہے یہ کتاب زندگی
جسے نہ ملی بے نسل رہے گا نسلوں تک

حافظ



حافظ

ظاہر کے دریچوں سے تو دکھاتا کچھ اور ہے
باطن کے اندھیروں میں تو چھپاتا کچھ اور ہے
حافظ دل تراگامزن ہے نفاق کی بلندی پہ
عبادت خدا کی کرتا ہے تو چاہتا کچھ اور ہے

کلام خدا ہے مسلماں کی طاقت

زمانہ مانتا ہے اہل قرآن کو

حافظ




آدمی کو حاصل جینے کا ساماں کیا ہے
نہیں حامل قرآن گر تو انساں کیا ہے
حافظ

دل کی فصیل شمشیر بکف
آتشِ نفس ہے تیغ بکف
پھر اٹھی جنگ کی تحریک
ہو گیا یہ قلعہ وجود تہی دست

حافظ


کانچ کے جذبات آدمی پتھر کا
۔ شبنمی سے لمحات آدمی پتھر کا
۔ دل کی چوٹوں نے بناڈالا کندن مجھے
۔۔ جیسے لوہے کی دھات آدمی پتھر کا
حافظ

حافظ
سلامتی کی تلاش ہے اگر
اللہ کے بندوں کو آزاد کر دو

مری ابتدا تری چوکھٹ ہے

مری انتہا تری دہلیز ہے

میں ایک مشت غبار ہوں

مرا اختیار کیا چیز ہے

حافظ

واپس نہیں آتے گزرے ہوئے لمحات
چن کے ٹوٹے ہوئے پھول کیا کیجئے

حافظ

ظاہر کے دریچوں سے تو دکھاتا کچھ اور ہے
باطن کے اندھیروں میں تو چھپاتا کچھ اور ہے
حافظ دل تراگامزن ہے نفاق کی بلندی پہ
عبادت خدا کی کرتا ہے تو چاہتا کچھ اور ہے

حافظ




حافظ مٹ گیا ہوتا صفحہ ہستی سے
قرآن دیتا ہے مجھے زندگی بار بار
حافظ


حافظ
دور سے نظر آتی تھی جو دھندلی روشنیاں
قریب سے دیکھا وہ چراغ تھے امیدوں کے

حافظ
انسان کے تکبر کی خاک قبر پہ پڑی ہے
جس نے زمین کو بگاڑا نابود ہو گیا


وہ بادلوں کے پیچھے محو تماشہ رہا
اسے دلبرانہ لگے زمیں کے معاملے
By
حافظ

ترے لبوں کی مسکان گر نہ جائے
اے زندگی مری جان گر نہ جائے
مت جایا کرو تتلیوں کے چمن میں
کلیوں سے الجھ کر ایمان گر نہ جائے
جانے کیا کیا اٹھا لائے کاندھوں پہ
کسی ٹھوکر سے سامان گر نہ جائے
بہت بوجھ پڑ گیا ہے اکیلی زمین پر
بندہ فروشی سے آسمان گر نہ جائے
ناحق ہو گیا ہے انسانیت کا خون ع
بہتے لہو سے یہ جہاں گر نہ جائے
حافظ

حنا لی ہاتھوں کی یہ خوبی ہے حافظ

اٹھیں تو عرش پر جھکیں تو فرش پر

حافظ

وہ اک احساس کا قطرہ
مری آنکھ سے بہہ گیا
مجھے راستے میں جو ملا
وہ غبار بن کے رہ گیا
جو ہوائیں تھی تیز تیز
میں اپنے مکاں پہ سہ گیا
وہ زندگی کا نچوڑ تھا
چد لفظوں میں کہہ گیا
حافظ


سرخ و سفید زندگی کے رنگ ہیں
عقیدت و محبت جذبوں کے سنگ ہیں
مٹی سے لبریز ہے ہر انسان کی پیشانی
آدم کی سجدہ ریزی سے دو عالم دنگ ہیں
حافظ


تو ہی ایماں تو عرفاں تو قرآن ہے
تو ہی قاری تو ہی مومن تو ہی مسلمان ہے
حافظ

کتابوں میں موجود ہیں بہت سے افسانے

حقیقت کی بھٹی میں فروزاں ہیں نظریات

حافظ

کتابوں سے نکلتا ہے زندگی کا نچوڑ
نکلتی ہے قرآن سے زندگی
حافظ

اختیار کی بات کرتے ہو

انتشار کی بات کرتے ہو

آدمی کی اوقات کیا ہے

بیکار کی بات کرتے ہو

سانس بے اختیار اور تم

سنسار کی بات کرتے ہو

مٹی سے بنے اے آدمی تم

پروردگار کی بات کرتے ہو

حافظ



حافظ



گرتا ہوں میں زمیں پہ بار بار

اک دائرہ ہے میرے گرد ایسا


حافظ
بڑی ظالم ہیں یہ ضمیر کی چوٹیں
جینے نہیں دیتی آدمی کو سکون سے
توڑ کر رشتوں کو جی سکتا ہے کون
دھونا پڑتا ہے ہاتھوں کو اپنے ہی خون سے
ہر ادیتی ہے انسان کو سوچ کی تیزی
جیت ناممکن ہے دل کے افلاطون سے


خدایا اس مختصر زندگی میں
بہت طویل ہو گئی جینے کی امید
حافظ

قراں سے بے قرآں ہو گئے

مسلماں یوں بے نشاں ہو گئے

نہ امت نہ ملت نہ قوم باقی ہے

غبار مٹی ہو کے دھواں ہو گئے

حافظ

ساری محبتیں قربان کردوں
اپنا دل اپنی جان کردوں
آئیں کبھی وہ خواب میں
اپنی زمیں کو آسمان کردوں
حافظ
Amani.a35


میں خود کو ہی مسیحا سمجھ بیٹھا
میرے ہی اندر ایک شخص نے مار ڈالا مجھے


بے رحم موجوں میں ڈوب گئے لوگ
اندھیری راتوں میں ڈوب گئے لوگ
بہہ گئے لوگ تنکوں کی طرح پانی میں
چند ساعتوں میں ڈوب گئے لوگ
حافظ

حافظ
پتھروں کا نصیب بھی ہے بہت عجیب
کوئی ہاتھوں پہ سجتا ہے کوئی سر پہ لگتا ہے

دعا کی قبولیت میں دیر کیوں ہے

کیے مٹاوں میں ہاتھوں کے بد نما نشاں

حافظ

دعا ہے کہ آرزو نصیب ہو

دور ہے ترے جو وہ قریب ہو

کسی موڑ پہ پلٹ کر نہ دیکھے

ماضی دشمن ترا حال رقیب ہو



حافظ

اے مری شوق نوا خاموش رہ

سحر سے پہلے رات ڈھلنے کا انتظار کر

حافظ


پھولوں سے مکنا سیکھ لو
چڑیوں سے چہکنا سیکھ لو
دیکھو بارش کی رم جھم
ساون سے برسنا سیکھ لو
سمندر کی اٹھتی ہوئی موجیں
لہروں سے اٹھنا سیکھ لو
تمھیں دیوانگی کا شوق ہے
پروانوں سے تڑپنا سیکھ لو
عشق میں گر چاہو عروج
ہو کر قربان مرنا سیکھ لو
اسکی دہلیز تک پہنچنے سے پہلے
اس کی راہ میں چلنا سیکھ لو
حافظ


بڑی نعمت ہے انسان کی آزادی
قید کوئی بھی ہو ہے بربادی
آدمی کی غلامی اک ظلم ہے
پیروں کی زنجیر ہے نامرادی
حافظ

ملتے ہیں کتابوں میں انسانیت کے اسباق

ہم ڈھونڈتے ہیں گلیوں میں انسان




حافظ
سرِ تسلیم خم ہوں میں ترے آگے
میرا غرور بس تجھی سے ہے

حافظ
قدم چومتی ہیں موجیں سمندر کے کنارے
زمیں و آسماں محوِ تماشہ ہیں حیراں


اب آرزو ہے خود فریبی میں جی لیں تھوڑا
خود کو چھپا لیں کہیں شام ہونے کے بعد
حافظ

زندگی کے دھندے میں ہے ان کا خسارا

مادیت کے بازار میں بیچتے ہیں جو نظریات

حافظ

پھولوں سے محبت شروع کی تھی
کانٹوں سے کرتا تو اتنا درد نہ ہوتا
حافظ


وہ روشنی جس سے آباد مرے من کی دنیا
اندھیری رات کے بعد نئی سحر ہے وہ
موت کی تاریکی سے ہو آیا ہوں کئی بار میں
مری اس جاں میں زندگی کی لہر ہے وہ
حافظ

پانے میں کیا رکھا ہے

کھونے میں کیا جاتا ہے

تمھیں مسکراہٹوں کی فکر ہے

رونے میں کیا جاتا ہے

حافظ

اے خاکِ زمیں نہ ملا مٹی میں

جنت سے نکالا ہوا ہوں تھوڑا خیال کر

حافظ


حافظ
چاند کی کشش سے سمندر میں اٹھتی ہیں لہریں
دل کے دریا میں ہلچل کی وجہ کیا ہے

اے زندگی آ تجھ سے دو چار باتیں کر لوں
مرا عروج مرا حاصل مرا ماضی مرا قاتل ہے تو

حافظ


کیا اب بھی نہ بتاوں رازِ زندگی
رات کی تاریکی میں نکلتا ہوا اجالا
یہ زمین جلوائے پروردگار ہے
نسلِ انسانی ہے سفید موتیوں کی مالا
حافظ

زندگی کے دھندے میں ہے انکا خسارا
مادیت کے بازار میں بیچتے ہیں جو نظریات

حافظ


چیر دے سینا بطان باطل کا
اب یاد کر تو سنت ابراہیم
حافظ

مری پرواز کو روکے گا کیا صیاد
نہیں اسیر میں قفس آدمی کا
حافظ

حافظ

دل کے رنگ ہیں رنگ برنگے
کبھی ساون کبھی پت جھڑ
ساحل سے ٹکراتی ہوئی موجیں
کبھی رم جھم کبھی کڑکڑ


عمر لگتی ہے جواں ہونے میں
بوڑھا کر دیتے ہیں چند لمحات
زندگی سنوارتے خود ہی گزر گئے ہم
روز ہوتی رہی جینے کے لیے اموات
حافظ

سمندر کی جھاگ بناتی موجوں کی طرح
قلب کی لہریں ڈوب گئی دریائے دل میں
حافظ

جب سے دعائیں چھوڑ دی ہیں میں نے

لگتا ہے زمانے میں اکیلا ہوں میں

حافظ


کوئی حالِ دل اپنا سنانے کے لیے آئے
ہم بھی دیکھیں یہ دل کا تڑپنا کیا ہوتا ہے
ہم گزر آئے دل کے سارے تجربات سے
معلوم ہے غم اسیری یہ مرنا کیا ہوتا ہے
حافظ

وقت نہیں لگتا سورج غروب ہونے میں
فقط آنکھ بند ہونے کی دیر ہوتی ہے
حافظ
imikimi®.com

حافظ
کسی داستاں کا کردار بننے سے بہتر ہے
آدمی گزارلے اپنی زندگی گوشہ تنہائی میں

پھولوں سے ہوئی محبت کی شروعات
کانٹوں پہ ہوا عشق کا اختتام
حافظ

دور آفت یہ زمانہ حادثوں سے ڈرا نہیں سکتا
مراد شمن مجھے دوستوں سے ڈرا نہیں سکتا
ہو رہے ہیں رونما دنیا میں واقعے نئے نئے
اللہ کے بندوں کو کوئی سازشوں سے ڈرا نہیں سکتا

• • • حافظ • • •


بستا میں خود کو اب ڈوبوں کہاں
اک اضطراب لاتی ہے تیز بارش
حافظ

بن کے غبار ہوا میں بکھر گئی
زندگی نکلی ہاتھوں کی خاک جیسی

حافظ


بہت جان لیوا ہے قلم کی چبھن
تڑپتے پھرتے ہیں سبھی جاں آور
حافظ

آدمی کے معیار کو بڑھاتی ہے فیاضی
مسکراہٹوں سے مل جاتا ہے بندے کو مقام

حافظ



تو ہی مسجد تو ہی کعبہ تو ہی قرآن ہے
تو ہی قبلہ تو ہی یزداں تو ہی رحمان ہے

حافظ

میں نے ہاتھوں پہ جلا رکھا ہے چراغ

نظر ہٹاؤں تو ہو جائے گا اندھیرا

حافظ

کسی کے دل پہ کوئی تصویر ہوتی ہے کس طرح
کسی پتھر پہ کوئی تحریر ہوتی ہے جس طرح
حافظ


تم اپنی خطا سے گرا دو گے سنگ تقدیر اپنا
ہاتھوں کی لکیروں پہ رکھی ہوئی ہے قسمت
حافظ

زہر گھول لفظوں میں اک جام پلا دے
زمانے کی تلخیوں کی مجھے سزا دے
اس شرط پہ کروں گا زباں بندی
کاٹ کر مری زباں یہ وجود مٹا دے

حافظ

عشق کے غمار میں سب کچھ ہار گئے

ہم نے بازی لگانے میں جلدی کی

جاں خلاصی ہوئی پر جذبات نہ رہے

ہم نے محبت جتانے میں جلدی کی

حافظ

محو پرواز ہوں آسماں کی جانب

مجھ رزق کی نہیں ہے تلاش

افلاک ہے میرا نشیمن

زمین میں میری ہے لاش

حافظ

برف پوش پہاڑوں پہ ہے اسکا قیام
میرا تخیل اک پرندہ ہے وادیوں کا

حافظ

بڑی نازک ڈور تھی دل سے جڑی
امیدوں کا بوجھ سہ نہ سکی ذرا سا

حافظ

حافظ
محو پرواز ہوں آسماں کی جانب
مجھ رزق کی نہیں ہے تلاش ع
افلاک ہے میرا نشیمن
زمین میں میری ہے لاش

حافظ
انسانوں میں غلام پیدا نہیں ہوتے
غلامی کی زنجیریں ہیں آدمی کی خواہشات


دل کیا تھا گویا کانچ کا پتھر
اپنی ہی کھنک سے ٹوٹ گیا
حافظ


زندگی مقابل ہے مرے سامنے ایسے
جیسے چاند موجوں سے کھیلتا ہو
حافظ

ختم ہو گئی زندگی کی کشش کتاب
بڑا دردناک نکلا صفحہ آخر
حافظ

پھولوں سے مکنا سیکھ لو
چڑیوں سے چہکنا سیکھ لو
دیکھو بارش کی رم جھم
ساون سے برسنا سیکھ لو
سمندر کی اٹھتی ہوئی موجیں
لہروں سے اٹھنا سیکھ لو
تمھیں دیوانگی کا شوق ہے
پروانوں سے تڑپنا سیکھ لو
عشق میں گر چاہو عروج
ہو کر قربان مرنا سیکھ لو
اسکی دہلیز تک پہنچنے سے پہلے
اس کی راہ میں چلنا سیکھ لو
حافظ

جن لوگوں کا دل نہیں لگتا زمین پر
ننگے پیروں ہوا میں چہلا کرتے ہیں وہ
حافظ


دلاسہ نہیں حقیقت اسی میں عیاں ہے
اسکے دروازے کے سواد ستک لوٹ آتی ہے
حافظ


ساحل پہ کھڑا ایک شخص کسطرح جان پائے گا
سمندر کی گہرائی ہے کتنی سورج کا ٹھکانہ کیا ہے
حافظ

تم خواہشوں کی شمع گر جلاؤ گے

اپنی ہی لگائی آگ میں جل جاؤ گے

حافظ

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

بھلا کے غم کو مار ڈالا

مسکرا کے غم کو مار ڈالا

سلگنے لگے جب جذبات

جلا کے غم کو مار ڈالا

دور اک ویران جگہ پہ

چھپا کے غم کو مار ڈالا

مری تنہا کوٹھڑی میں

بلا کے غم کو مار ڈالا

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

حافظ چھوڑ دے اپنی زور آوری

ہو اب سر تسلیم خم

اس لڑائی سے کیا حاصل

جس میں مقابل ہو صنم

ملے گا کیا مٹی کے ڈھیر سے

ہو کے قربان کر دے سر قلم

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

میں اپنے کاندھے کے بوجھ سے لدا ہوں
لوگوں نے کیا اٹھا رکھا ہے مجھے کیا
میں اسی کے گرد گھومتا ہوں مدار میں
کیوں چاند سورج کو خدا بنا رکھا ہے مجھے کیا

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

اے زندگی تو کتنی حسین ہے

تیری محبت کا اسیر ہو گیا

دیکھ کر تری پر کیف ادائیں

ترے عکس کا دامن گیر ہو گیا

حافظ عرفان علی

امت کی میراث ہے یہ کتاب زندگی
جسے نہ ملی بے نسل رہے گا نسلوں تک

حافظ

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

میں اپنے کاندھے کے بوجھ سے لدا ہوں
لوگوں نے کیا اٹھا رکھا ہے مجھے کیا
میں اسی کے گرد گھومتا ہوں مدار میں
جو چاند سورج کو خدا بنا رکھا ہے مجھے کیا

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

اک روز ہم بھی ہونگے ماضی کی گفتگو
تخیل کا غبار ہونگے کسی کی یاد کا آنسو

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

آنسوؤں سے جو ٹوٹ گئے
وہ مٹی کے حساب تھے
بجھی راکھ سے جو ملے
وہ سوکھے ہوئے گلاب تھے

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

تو خدا کے بندوں سے کر معاملہ نرمی کا
ترے حسن سلوک کے گواہ ہونگے
تو دنیا سے جب جائے گا جس روز
تری قبر پہ لوگ محو دعا ہونگے

حافظ عرفان علی

یہ زندوں کی کہانی
کبھی آگ کبھی پانی
ہے ذرہ سا اختیار
یہ جنوں شوقِ حکمرانی
اک سمندر خیالات کا
یہ طوفاں یہ طغیانی
کبھی راتوں میں قیام
یہ اخلاص، عشقِ یزدانی


کبھی ارادوں کا پہاڑ
یہ مندی، اخلاق کی ارزانی
کبھی برائی سے زباں بندی
یہ تلخی یہ زہر فشانی
کسی کے خوں میں بغاوت
کسی کی ذات ہے انسانی
حافظ

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

میرے دل میں تیرا قیام ہے
میری روح میں ہے تو جا بجا
جسے ابتدا میں دیکھا انتہا میں پایا
اسکا سایہ بھی ہے ہو بہو جا بجا

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

پھر بے یقینی وہ بے قراری
چھپا بیٹھا ہے کوئی شعلہ زن
روز زخم دیکھتا ہوں وجود میں
روح اور جسم ہوئے ہیں شمشیر زن

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

اھل دانش سکھاتے کچھ اور ہیں

فقیہ زماں پڑھاتے کچھ اور ہیں

ہے مختلف دنیا کا حساب

اسکی جمع و تفریق کھاتے کچھ اور ہیں

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

یونہی زندگی کا انتظام کرتے کرتے

وقت گزر گیا اہتمام کرتے کرتے

جب اُتار ہارات بھرے بے وجہ

کاش سو جاتا آرام کرتے کرتے

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

لوگ کسطرح منافقت کرتے ہیں
اپنی ذات کی مخالفت کرتے ہیں

دنیا خواہشوں کا خیال ہے
جسکی دل میں کفالت کرتے ہیں

آنکھوں میں دھوکے کا غبار ہے
اللہ کے بندے حماقت کرتے ہیں

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

اک روز ہم بھی ہونگے ماضی کی گفتگو

تخیل کا غبار ہونگے یا کسی کی یاد کا آنسو

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

زندگی خوبصورت ہے

فکر جہاں سے آزاد کر

اپنی شخصیت کے حصے

اپنے وجود سے آباد کر

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

شیشائے قلب آخر ٹوٹ گیا اندر سے

آساں نہیں تھا رونا لوگوں کے آگے

حوصلہ نہیں تھا اک تنکا امید کا

مشکل تھا کشتی ڈبونا لوگوں کے آگے

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

مری آوارگی کو برا نہ سمجھو لوگو

بہت گوہر پائے ہیں راستوں میں

حافظ عرفان علی


تو ہی ایماں تو عرفاں تو قرآن ہے
تو ہی قاری تو ہی مومن تو ہی مسلمان ہے
حافظ

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

زاھد کہتا ہے یہ عشق عشق کچھ بھی نہیں
سبھی کو ضرورت نے ملار کھا ہے
مجھے اختلاف ہے اس بات کا
پروانے کو کس نے جلار کھا ہے
خدا کو محبوب ہیں خاص بندے
جنہیں تہجد میں جگار کھا ہے

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

باندھ رکھا ہے بندوں کو معیشت کے زنداں میں
زمیں کے منتظم نے دے دی لوگوں کو عمر قید

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

عمل کے بغیر علم بے معنی ہے

جیسے روح کے سوا جسم لا یعنی ہے

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

طوفاں دیکھ کر حوصلہ کرو

اپنے یقین کا اب فیصلہ کرو

کون جانے کیا لکھا ہے

اپنے ارادوں سے معاملہ کرو

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

امت کی صفوں میں خلا نظر آتا ہے

اکیلا ہے مسلمان جہاں بھی ہے

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

یہ آرزو ہے تجھے قریب کرلوں
ساعتوں کو نصیب کرلوں
اب دو بھر ہو گیا ہے جینا مرا
جی چاہتا ہے کوئی طبیب کرلوں

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

خدا حالات بانٹتا ہے

ہمیں معاملات بانٹتا ہے

کسی کو زندگی نہیں دیتا

فقط لمحات بانٹتا ہے

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

قربانی

جو دولت اور اپنے پیٹ کے پجاری لوگ ہیں

اپنی عبادت میں دوسروں کو قربان کرتے ہیں

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

بچہ سمجھتا ہے کہ دنیا خوشیوں سے چلتی ہے

نوجوان جذبات کو دنیا کی وجہ خیال کرتا ہے

آدمی جذبات کی قدر کرتا ہے مگر پیسے کو مانتا ہے

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

کہا تھا دھوکہ مت کھانا
گناہوں کا سودا مت کھانا
کھا لینا زمیں کی گھاس
حرام کا پودا مت کھانا

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

زخم سہتے ہوئے خاموشی نہ کر
اپنے جذبات کی ناموشی نہ کر
احساس کی امید نہ رکھ
دھوکے سے نکل خود فریبی نہ کر

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

بانٹتا ہے وہ ہر روز زندگی کے ایام

ہر آدمی کو ملتا ہے روز نیا دن

حافظ عرفان علی


گھر جانے کا وقت نہیں رہا
لوٹ آنے کا وقت نہیں رہا
منزل قریب ہے اے ہمسفر
اب گھبرانے کا وقت نہیں رہا
معاملات ادھورے ہیں ذات کے
مجھے سمجھانے کا وقت نہیں رہا
ہونٹوں پہ ہے سنجیدگی کا بوجھ
یوں مسکرانے کا وقت نہیں رہا
روح کی تڑپ باقی ہے جان میں
اور دل جلانے کا وقت نہیں رہا
عرفان یہ اظہار کیسا ہو کے تقسیم
اسے بتانے کا وقت نہیں رہا
حافظ

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

راستے کے پتھروں سے الجھ کر

جلدی آنے میں دیر ہو گئی

منزل قریب تھی تو سو گئے

فاصلہ مٹانے میں دیر ہو گئی

سامنے نظر آتی تھی دیوار شہر

قدم اٹھانے میں دیر ہو گئی

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

مخلوق ہونا خالق کا پتا دیتا ہے

ذرا سا جنوں رب سے ملا دیتا ہے

مٹی سے آج تک کسی کو کیا ملا ہے

پروردگار ہی مٹی سے انسان بنا دیتا ہے

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

کسی حادثے کا عکس رہ گیا شاید

بھول جاتا ہوں سب ضروری باتیں

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

اب انقلاب نہ آئے گا
دل میں چمک باقی نہیں
غیر کے آگے جھکے ماتھے۔
پیشانیوں میں چمک باقی نہیں

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

میں انتظار میں رہا معجزے کا

دل سے ملا کے دل معجزہ نہ دکھایا

اسے ڈھونڈنے بہت دور نکل گیا میں

اپنے گھر کا بند دروازہ نہ کھٹکھٹایا

حافظ عرفان علی

ذرا مسکراتے ہوئے چل
آنسو چھپاتے ہوئے چل
یہ زندگی تو امتحان ہے
خود کو آزماتے ہوئے چل
بن رہی ہے انا کی بنیاد
دیوار گراتے ہوئے چل



حافظ لکھتا ھے۔۔۔

اڑ کے پہنچ حباوں میں حنا شاک کی طرح
قلب مضطرب میں ایسی ہوا چلے

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

بہتے دریا کی طرح ہوں
چلتی ندیا کی طرح ہوں
ہیں آسماں سے آگے مرے تصورات
میں پھیلتی دنیا کی طرح ہوں

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

بہت آواز دیتے ہیں خالی برتن

روح خالی بس آوازیں ہیں باقی

سہارا چاہیے سائبان کے لیے

نہ اٹھی دیواریں فقط بنیادیں ہیں باقی

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

پوجتے رہے بستان شہر

لوگوں کو کوئی مسیحانہ ملا

بنا لیتے ہیں ٹوٹے ہوئے بت

دنیا پرستوں کو خدا نہ ملا

لوگ پی لیتے ہیں زہر بار بار کیوں

اندھوں کو زمانے میں دیانہ ملا

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

دعا مانگ کر ڈرا رہتا ہوں

بہت کمزور ہے مکان میرا

بارشیں تو بے اختیار ہیں اور

بے وجہ ہے سامان میرا

کڑی دھوپ میں عافیت ہے

مجھ سے قریب ہے مہربان میرا

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

مری ذات ذرہ بے یقیں

مرا اختیار اک مذاق ہے

دل آدمی کو ہی دے دیا

یہ فیصلہ فقط نفاق ہے

مرے ذوق کی داد ہے

یہ نفس بڑا بیباق ہے

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

تکلف نے بھی نہ توڑا یہ سکوت

بہت دیر تک رکا وہ میرے پاس

کتنی کشمکش رہی درمیاں مجھے یاد ہے

بے قراری نہیں ہے اب نہ کوئی اداس

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

سوال سے پہلے الفاظ سوچ لوں

داستان جنوں کا آغاز سوچ لوں

وہ کون تھا چلمن کے پیچھے

اس بات کا جواز سوچ لوں

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

صدیوں سے محیط قصہ مختصر

مٹی سے شروع خاک آخر

خدا کی زمین پہ آدمی کی بغاوت

اللہ کے بندے ہیں تھوڑے باقی کافر

حافظ عرفان علی

حافظ لکھتا ھے۔۔۔

اب زندگی میں لینے مجھے مشکل فیصلے

اس تک جانے کے لیے حد سے گزر جاوں گا

مسجد میں ملے یا میکدے میں

اسے پانے کے لیے میں حد گزر جاوں گا

حافظ عرفان علی

آدمی کے عشق میں دیکھی ہے جفائیں
خدا کی محبت میں ہے منزل مقصود
حافظ


حافظ
دیکھ کر کانٹوں پہ شبنمی قطرے یقیں آتا ہے
خدا کی رحمت سے کوئی بھی دور نہیں ہے

کس کو ملا ہے آج تک یہ راز زندگی
حقیقت کا پتا ملتا ہے دل کے راستے سے
حافظ


پھر سے زندگی کو ترتیب دوں گا
دل میں میرے وہ لوٹ آئے
حافظ

نہ ملا تیرے قدموں کا کوئی نشاں
ہم نے ٹٹول کر دیکھے سارے راستے

حافظ




میں بھول گیا تھا تری چوکھٹ مرے خدا
تیرے بندوں نے دکھایا ترے در کا راستہ
حافظ

میں ہوا میں اڑتا بے مول سا تنکا
بچھڑ گیا میں شاخ سے بکھر گیا میں جا بجا

حافظ

اے جاں مری جان تمنا تجھے ہوا میں اڑا دوں

جانتا ہوں دھوکہ میں لپٹی ہوئی زندگی ہے مری

حافظ



غموں سے بڑا بس یہی غم ہے
آدمی کی حقیقت کچھ بھی نہیں
حافظ

پھوٹ پڑی جذبات کی کونپل دل کی زمین سے
زمانے کی اے بے درد ہوا ذرا آہستہ چل
حافظ


اسکی فضا میں ہوں تیرتا
اسکی زمین پہ ہوں بھاگتا
یہ جہاں اور آسماں میرا ہے
خدا کی تخلیق کا ہوں میں کرشمہ
حافظ

ویران راستوں پہ قدموں کے نشان ہیں مٹے ہوئے
لوگ مر گئے ان کے ذرات ہیں بکھرے ہوئے
حافظ

قتل کی فرد جرم عائد ہے تم پر
قصاص دینا ہے کہ سزا کا ارادہ ہے
حافظ

وہ کس طرح پامال کر سکتا ہے مجھے
ابن آدم کی دعاوں کا ہوں میں ثمر
حافظ


حافظ
انسان کی اصلیت انسانیت سے پتا چلتی ہے
اور بندے کی پہچان بندگی سے ہوتی ہے


حافظ
گونجتی ہیں صدائیں آذان کی مرے کانوں میں
نقارہ اسلام سے لرزہ ہے یہ ساری کائنات

ڈوبتے ہوئے سورج کی طرح ہے آدمی کا عروج
تری حیات کا شروع ہے زوال کے بعد
حافظ


میں چھوڑ جاؤں گا قدموں کے نشان
دیکھ لینا میں نے راستہ نہیں بدلا
حافظ

خدا کا نور ہے سارے عالم پہ

اس کا سایہ ہے ہر سائے کے اوپر

حافظ

حافظ

کتاب حق کی پیروی میں ہے نجات
عقل کے سمندر میں ڈوب گئی کتنی اقوام

حافظ
سوچتا ہوں اسے سینے سے لگا رکھوں گا
دل کھو دیا ہے یہی جگہ باقی ہے

اے آسماں تری وسعتوں کا اثر نہ ہوگا مجھ پہ
تو نہ جانے مرے دل کی گہرائی کیا ہے

حافظ

کتنے دن لگے گے

لوگوں کو انتظار ہے

چاند نکلے گا کب

لوگوں میں اضطراب ہے

کسی مسیحا کے لیے

ہر اک دل بے قرار ہے

حافظ

بارش بجھا دیتی ہے

آگ جو جلا دیتی ہے

نہ سیکھا گر تیرنا

تو لہر بہا دیتی ہے

یہ دن ہیں سوکھے پتے

ہوا جسے اڑا دیتی ہے

کڑی دھوپ جلاتی ہے

آدمی کو سزا دیتی ہے

زندگی گزارنے کے بعد

انسان کو دغا دیتی ہے

ایک ہی راستہ ہے سامنے

تقدیر سبھی کو دکھا دیتی ہے

حافظ

سیکھ کر مذہب سے

پڑھ کے مکتب سے

بیچ ڈالا بازار میں

جو کچھ پایا منصب سے

ملتی ہے یہاں اب

دوستی بھی مطلب سے

واعظ حیراں ہے بھیڑ میں

اندھوں کو ملی دنیا کرتب سے

حافظ

اجنبی کا خیال کرنا

دوستی کا خیال کرنا

بہت خوبصورت ہے

زندگی کا خیال کرنا

خدا کو محبوب ہے

آدمی کا خیال کرنا

دل میں کوئی کجی نہ ہو

دل لگی کا خیال کرنا

دیکھو اپنی قبر میں

روشنی کا خیال کرنا

بات ہو زمانے کی

بے بسی کا خیال کرنا

ذکر جب ہو چاند کا

چاندنی کا خیال کرنا

معاملہ ہے اپنوں کا

بے چارگی کا خیال کرنا

گرا پڑا ہو کوئی جو

ہر کسی کا خیال کرنا

حافظ

دل کی چوٹوں کا حساب کون دے گا

کڑوی باتوں کا جواب کون دے گا

ہم بھی پڑھ لیتے ہیں زمانے کا دستور

کانپتے ہاتھوں میں کتاب کون دے گا

کاٹ ڈالا زمانے کی تیرگی نے

مجھے لوٹا کے شباب کون دے گا

مدت ہوئی سونا چھوڑ دیا ہے

جاگتی آنکھوں کو خواب کون دے گا

ہو گیا ظاہر معاشرے کا اصل چہرہ

اب زمانے کو حجاب کون دے گا

بندوں میں آگئی ہے مخالفت
آدمی کی آدمی سے ہے مخاصمت
پیٹ کے کنویں میں ڈوب گئی
لوگوں کی عزت اور شرافت

دل کی سادگی تو دیکھو ذرا
گناہ کے بعد کرتا ہے ملامت

حافظ

جذبوں میں تھکاوٹ ہے

دلوں میں عداوت ہے

لوگ ــــ زندہ تو ہیں مگر

اپنی اپنی چاہت ہے

نہ گرائے غرض کے بت

احساس میں گراوٹ ہے

جینے کے لیے اتنا کچھ

مرنے سے ہچکچاہٹ ہے

حوس کے سامنے کانپتے ہیں

آدمی پہ تھرتھراہٹ ہے

اے وقت نہ دیکھ مجھے ایسے

بڑی ظالم تری مسکراہٹ ہے

شجر پیدا ہوا مٹی کے پیٹ سے
ہجر پیدا ہوا مٹی کے پیٹ سے
مٹی سے بنی اس دنیا کی ہر شے
بشر پیدا ہوا مٹی کے پیٹ سے
حافظ